© rasailojaraid.com



والوں کے لیے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے تمام دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم رمضان میں اپنے معمولاتِ دنیا کم کر کے زیادہ وقت اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے وقف کر دیتے۔ یہی حال امت کے صالح افراد کا ہے۔

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ ماضی قریب کے عظیم بزرگ تھے۔ انھوں نے اپنی ساری زندگی دین کی تعلیم و تبلیغ کے لیے وقف کیے رکھی۔ حضرت شیخ رحمہ اللہ نے اپنے اکابر کے معمولاتِ رمضان اور حرمین شریفین میں گزرے ہوئے رمضان کا تذکرہ، سہارن پور میں اعتکاف کا مفصل تذکرہ فرمایا ہے۔ نیز مولانا نورالحسن راشد کاندھلوی، مولانا عبدالعظیم ندوی، مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ اور صوفی محمد اقبالؒ کے رشحاتِ قلم بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔ (تبصرہ: سید محمد کفیل بخاری)

● **ضرورتِ حدیث**　　مؤلف: حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی رحمہ اللہ

ضخامت: ۱۳۳ صفحات　قیمت: درج نہیں　　ناشر: مکتبہ زاہدیہ، مکی مسجد، محلّہ مکی مسجد، اٹک شہر

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ جس کی حفاظت اللہ نے اپنے ذمے لی ہے۔ ایک طبقہ ایسا ہے جس کا نعرہ صرف قرآن ہے۔ وہ حدیثِ رسول کی ضرورت ہی محسوس نہیں کرتے بلکہ طرح طرح سے حدیث پر طعن کرتے نظر آتے ہیں۔ طعن کرنے سے مقصود انکارِ حدیث کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ حالانکہ قرآن کی سمجھ حاصل کرنے کے لیے حدیث کا ہونا ضروری ہے۔ علماء کرام نے ہر دور میں جیسے قرآن کی خدمت کی ہے۔ ایسے ہی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بھی کی ہے۔ ماضی قریب میں زہد و تقویٰ کے پیکر ایک بزرگ حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی رحمہ اللہ ہیں۔ جو کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی ہر کتاب لائق مطالعہ ہے۔ ان کی ایک کتاب ''ضرورتِ حدیث'' طبع دوم ہمارے سامنے ہے۔ حدیث سے متعلقہ کئی مباحث مثلاً ضرورتِ حدیث، حدیث کی لفظی و معنوی تعریف، کتابتِ حدیث، قرنِ اوّل میں اشاعتِ حدیث، زمانہ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں تدوین حدیث اور صحابہ میں سرکاری طور پر اشاعتِ حدیث۔ تحفظ و بقاء حدیث کے لیے عملی تدابیر کے علاوہ کئی معلوماتی عنوانات نیز آخر میں منکرین حدیث کے اہم سوالات کے جوابات سے مرصع ہے۔ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مطالعہ کا شوق رکھنے والے عام پڑھے لکھے حضرات کے لیے انتہائی مفید ہے۔

(تبصرہ: مولانا محمد مغیرہ)

● **المصنفات فی الحدیث**　　تصنیف: حضرت مولانا محمد زمان کلاچوی

ضخامت: ۴۹۵ صفحات　قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد، نوشہرہ

ہر آدمی کو اپنے اپنے ذوق کے مطابق فکر ہے۔ کوئی کھیتی باڑی کے فکر میں ہے۔ کوئی تجارت کے معاملات کو سلجھا رہا ہے۔ مگر ایک ذوق یہ بھی ہے کہ حدیث کی خدمت کی جائے گو کہ ظاہراً کوئی نفع بخش تجارت نہیں ہے۔ مگر اس تجارت سے قبر کا سکون محشر میں کامیابی کی ضمانت ہے کہ خادم کا آقا پر ایک حق ہے۔ یقیناً حدیثِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی خدمت کرنے والا شخص حضور علیہ السلام کی شفاعت کا مستحق قرار پائے گا۔ ''المصنفات فی الحدیث'' اصل میں مولانا محمد زمان کلاچوی کے لکھے ہوئے ایک عربی مقالے کا اردو ترجمہ ہے۔ جس میں ایک ہزار سال کی کتب حدیث کا تعارف ہے۔ کتاب حدیث کی خصوصیات، مصنف کا تذکرہ، کتاب حدیث کی تالیف کی شرائط، کتاب کی شروح وحواشی کے علاوہ کئی باتیں کسی کتاب حدیث سے متعلق اس میں آپ کو مل جائیں گی۔ (تبصرہ: مولانا محمد مغیرہ)



© rasailojaraid.com